سری لنکا نے پاکستان کو تیسرے ٹی ٹونٹی میچ میں13 رنز سے شکست دے کر وائٹ واش کردیا

- اوشھادا فرنینڈو کے ناقابل شکست 78 رنز
- وانیندو ہاسارنگا کے 3 شکار

لاہور، 9 اکتوبر 2019ء:

سری لنکا کی طرف سے ڈیبیو کرنے والے مڈل آرڈر بیٹسمین اوشھاڈا فرنینڈوکی شاندار بلے بازی اور اسپنر وانیند ہاسارنگا کی عمدہ باؤلنگ کی بدولت سری لنکا نے پاکستان کو تیسرے ٹی ٹونٹی میچ میں 13 رنز سے شکست دے کر وائٹ واش کردیا۔ 148 رنز کے تعاقب میں قومی ٹیم محض134 رنز ہی بناسکی۔

قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئےآخری میچ کے لیےمہمان ٹیم نے 5 اور پاکستان نے 3 تبدیلیاں کیں۔سری لنکا کے کپتان داشن شناکا نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیاتو محض 58 رنز پر مہمان ٹیم کے 4 کھلاڑی پویلین واپس لوٹ گئے۔اس کے بعد کپتان داشن شناکا اوراوشھادا فرنینڈو نے پانچویں وکٹ کے لیے76 رنز جوڑے۔اوشھادا فرنینڈو نے 48 گیندوں پر 78 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ان کی اننگز میں 8 چوکے اور 3چھکے شامل تھے۔مہمان ٹیم نے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 147 رنز بنائے۔پاکستان کی جانب سےمحمد عامر نے 3 جبکہ عماد وسیم اور وہاب ریاض نے 1،1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

جواب میں پاکستان کی جانب سےایک بار پھر اننگز کا آغاز متاثر کن نہ تھا۔قومی ٹیم کے اوپنر فخر زمان بغیر کوئی رنز بنائے پویلین واپس لوٹ گئے۔ دوسری وکٹ کے لیےنائب کپتان بابراعظم اور حارث سہیل کے درمیان 74 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔حارث سہیل نے 50 گیندوں پر 52 رنز اسکور کیےجبکہ بابر اعظم 32 گیندوں پر 27 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔پاکستان کی جانب سے دیگر کوئی بلے باز خاطر خواہ کارکردگی کا مظاہرہ نہ کرسکا۔قومی ٹیم مقررہ 20 اوورز میں6 وکٹوں کے نقصان پر 134 رنز ہی بناسکی۔ سری لنکا کی جانب سے اسپنروانیندو ہاسارانگا نے 3اور لاہیرو کمارا نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

ٹورنامنٹ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر سری لنکا کے اسپنر وانیندو ہاسارانگا کو مین آف دی میچ اور مین آف دی سیریز کے ایوارڈز دئیے گئے۔

– ENDS –